الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ8جنوری 2022

اسلام آباد میں مقامی حکومتوں کے انعقادکے حوالے سے حلقہ بندیوں کے شیڈول کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے قائم کردہ حلقہ بندی کمیٹی نے آج حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست جاری کر دی گئی ہے۔ جس کے مطابق اسلام آباد میں 100 نیبرہڈ کونسلیں تشکیل دی گئی ہیں۔ہر نیبرہڈ کونسل کے اندر چار وارڈز بنائے گئے ہیں۔حلقہ بندیوں کی ابتدائی فہرست کو آویزاں کر دیا گیا ہے۔ اس کے حوالے سے ان پر تجاویز اور اعتراضات 9 جنوری تا 23 جنوری،2022 دائر کیے جا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ریجنل الیکشن کمشنر راولپنڈی،جن کا دفتر7/63 سی،سیٹلائیٹ ٹاون، ایران روڈ، چاندنی چوک، راولپنڈی میں واقع ہےحلقہ بندی اتھارٹی تعینات کیا گیا ہے حلقہ بندی اتھارٹی 24 جنوری تا 7 فروری،2022 تک تجاویز اور اعتراضات کو نمٹائے گی ۔ نیبرہڈ کونسلوں اور وارڈ کے حتمی حلقہ بندی کی فہرست 16 فروری 2022 کو جاری کی جائے گی۔مزید معلومات کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

1۔ حلقہ بندی اتھارٹی آفس: 051-9290176

2۔ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر آفس اسلام آباد:051-9261003

ترجمان الیکشن کمیشن آف پاکستان